## وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک کی لندن پہنچ کر ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے ٹیلیفون پر گفتگو

## ملک کی مجموعی صورتحال خصوصاً کراچی کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

## رحمٰن ملک نے الطاف حسین کو صدر آصف زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی کی جانب سے خیر سگالی کا پیغام پہنچایا

## اہلیان کراچی خصوصاً سانحہ شیر شاہ کے متاثرین سمیت دہشت گردوں کی بھینٹ چڑھنے والے عوام کے مسائل کا حل اور انکے تحفظ کے عملی اقدامات ہوتے ہوئے دیکھنا چاہتے ہیں۔الطاف حسین

## اہلیانِ کراچی ایک بار پھر یقین دلاتا ہوں کہ حکومت ان کے تحفظ کی ہر قیمت پر نہ صرف یقینی بنائے گی بلکہ انکے ہونیوالے نقصانات کے ازالے کیلئے تمام اقدامات کرے گی۔رحمٰن ملک

## رحمٰن ملک لندن میں اپنے قیام کے دوران الطاف حسین سے تفصیلی ملاقات بھی کریں گے اور ایم کیوایم کے تمام تحفظات کو بغور سنیں گے

لندن۔۔۔31 اکتوبر 2010ء

وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے آج لندن پہنچ کر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ٹیلیفون پر گفتگو کی۔انہوں نے جناب الطاف حسین سے ملک کی مجموعی صورتحال خصوصاً کراچی کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ جناب الطاف حسین نے رحمٰن ملک سے گفتگو کے دوران انکے شیر شاہ کے متاثرہ علاقے کے دورے پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہیں بتایا کہ ابھی تک سانحہ شیر شاہ کے متاثرین اوران کی بحالی کا کوئی واضح اور ٹھوس لائحہ عمل سامنے نہیں آیا ہے اور سانحہ شیر شاہ کے متاثرین انتہائی زبوں حالی کا شکار ہیں اور آج کے دن تک شیر شاہ مارکیٹ کے دکانداروں، کراچی کے تاجروں، صنعتکاروں اور مختلف علاقوں کے عوام کو دہشت گردوں کی جانب سے مسلسل دھمکیوں کا سلسلہ جاری ہے۔وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین کو بتایا کہ اس سلسلے میں انہوں نے انتظامیہ اور لاء انفورسمنٹ ایجنسیز کو شیر شاہ کے متاثرین کی بحالی کی پہلے ہی ہدایات جاری کردی ہیں اور وقتاً فوقتاً کئے جانے والے حفاظتی اقدامات کی تفصیلات معلوم کرتا رہتا ہوں اور ایک بار پھر اہلیانِ کراچی خصوصاً سانحہ شیر شاہ کے متاثرین کو ایک بار پھر یقین دلاتا ہوں کہ حکومت ان کے تحفظ کی ہر قیمت پر نہ صرف یقینی بنائے گی بلکہ دہشت گردوں کے ہاتھوں ان کے ہونیوالے نقصانات کے ازالے کیلئے تمام اقدامات کرے گی۔ جناب الطاف حسین نے وفاقی وزیر داخلہ کی لندن آمد پر انہیں خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ اب اہلیان کراچی اور خصوصاً سانحہ شیر شاہ کے متاثرین سمیت تمام متاثرین جو دہشت گردوں کی بھینٹ چڑھے ہیں وہ ان کے مسائل کا نہ صرف حل بلکہ ان کے تحفظ کے عملی اقدامات ہوتے ہوئے دیکھنا چاہتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی کی جانب سے خیر سگالی کے جواب میں سلام اور خیر سگالی کا پیغام دیا۔ وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک اپنے لندن میں قیام کے دوران جناب الطاف حسین سے بالمشافہ تفصیلی ملاقات بھی کریں گے اور ایم کیوایم کے تمام تحفظات کو نہ صرف بغور سنیں گے بلکہ ان کے حل کیلئے تمام اثر ورسوخ استعمال کریں گے اور ان تحفظات سے صدر مملکت اور وزیر اعظم کو بھی آگاہ کریں گے۔

## ڈینگی وائرس سے بچاؤ کیلئے معیاری میڈیسن کی فراہمی، علاقوں میں اسپرے کا انتظام اور احتیاطی تدابیر کیلئے تشہیری مہم چلائی جائے، الطاف حسین

## کراچی سمیت ملک بھر میں ڈینگی وائرس کے مرض کی شدت میں مسلسل اضافہ پر اظہار تشویش

لندن۔۔۔31، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی سمیت ملک بھر میں ڈینگی وائرس کے مرض کی شدت میں مسلسل اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ ڈینگی وائرس سے بچاؤ کیلئے حکومتی سطح پر فی الفور مثبت وٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ڈینگی وائرس کی کئی مختلف قسمیں ہوتی ہیں لیکن عام طور پر یہ صاف پانی میں نشونماء پاتے ہیں اور اس سے بچنے کیلئے ضروری ہے کہ صاف پانی کو کپڑے سے ڈھانپ کر رکھیں اور وائرس سے بچنے کیلئے کمروں میں اسپرے کر کے تھوڑی دیر کیلئے دروازے اور کھڑکیاں بند کردیں اگر مچھر زیادہ ہیں تو مچھر دانی لگائیں یا پھر Coil جلائیں۔انہوں نے کہا کہ ڈینگی وائرس میں کراچی سمیت ملک بھر کے عوام مبتلا ہو رہے ہیں جس کی وجہ سے سینکڑوں افراد متاثر ہو چکے ہیں اور کئی لوگ اپنی جان گنوا بیٹھے ہیں۔انہوں نے ڈینگی وائرس کے باعث ہلاک ہونیوالے تمام افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار بھی کیا اور اس سے متاثر ہونے والے افراد کی جلد مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی

زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ ڈینگی وائرس سے بچاؤ کیلئے اسپتالوں میں معیاری میڈیسن کی فراہمی یقینی بنائی جائے، علاقوں میں اسپرے کا بندوبست کیا جائے، عوام کو اس مرض سے آگاہی اور احتیاطی تدابیر کیلئے تشہیری مہم چلائی جائے اور ڈینگی وائرس کے مکمل خاتمے اور عوام کی قیمتی جانوں کے تحفظ کیلئے تمام وسائل استعمال میں لائے جائیں۔

## کراچی میں جاری طویل دورانیہ کی لوڈ شیڈنگ گھناؤنی سازش ہے، رابطہ کمیٹی
## بجلی کے نرخوں میں اضافے کا فیصلہ واپس لیا جائے

کراچی۔۔۔31 اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے شہر میں جاری طویل دورانیہ کی لوڈ شیڈنگ اور یکم نومبر سے بجلی کے نرخوں میں مزید 2 فیصد اضافے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ بجلی کے نرخوں میں اضافہ بلا جواز غیر منطقی اقدام ہے جس سے کراچی کے غریب عوام پر مہنگائی کا مزید بوجھ پڑے گا۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت کراچی اور اس کے عوام کو لوڈ شیڈنگ کا نشانہ بنا رہی ہے جس کا مقصد کراچی کی صنعتیں تباہ کرنا اور عوام کو مشتعل کرنا ہے، ملک بھر میں لوڈ شیڈنگ کے دورانیہ میں بتدریج کمی ہو رہی ہے جبکہ کراچی میں تاحال لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ نہ صرف پوری آب وتاب کے ساتھ جاری ہے بلکہ لوڈ شیڈنگ کے دورانیہ میں کمی کرنے کے بجائے الٹا اس میں اضافہ کر دیا گیا ہے جس سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اور ان کی روزمرہ کے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں جبکہ لوڈ شیڈنگ کے باعث کراچی کی صنعتیں بھی تباہی کا شکار ہیں اور صنعتکاروں کی جانب سے لوڈ شیڈنگ کے خلاف صنعتیں بند کرنے کا عندیہ بھی دیا جا رہا ہے جس کے باعث لاکھوں افراد کے بے روزگار ہونے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی جو پاکستان کا معاشی حب ہے کراچی کی ترقی ملک کی ترقی ہے تاہم ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت کراچی اور اس کی صنعتوں کو شدید تباہی کی جانب دھکیلا جا رہا ہے جبکہ اس گھناؤنے عمل کے باوجود بھی موجودہ حکمرانوں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگ رہی ہے اسی وجہ سے وہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی سے کسی قسم کی باز پرس بھی نہیں کر رہے ہیں بلکہ ان کی جانب سے بھی کراچی میں یکم نومبر سے بجلی کے نرخوں میں مزید فی یونٹ 2 فیصد کے اضافے کا اعلان کی اطلاعات آرہی ہے جو کھلی کراچی دشمنی کے مترادف ہے اور جو کراچی کے تاجروں اور عوام پر مہنگائی کا عذاب بن کر ٹوٹے گا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے عوام دیگر شہروں کے مقابلے میں پہلے مہنگی ترین بجلی استعمال کرنے پر مجبور ہیں جبکہ لوڈ شیڈنگ کے دورانیہ اور نرخوں میں اضافے نے انہیں ذہنی مریض بنا دیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ کراچی میں بجلی کے نرخوں میں اضافے کے بجائے بجلی کی طویل لوڈ شیڈنگ پر قابو پایا جائے اور کراچی کو ضرورت کے مطابق بجلی فراہم کی جائے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ ملک بھر کی طرح کراچی میں بھی لوڈ شیڈنگ کے خاتمے کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کیئے جائیں اور بجلی کے نرخوں میں اضافے کر کے شہریوں پر مہنگائی کا بوجھ ڈالنے کا غیر منطقی ظالمانہ اقدام واپس لیا جائے۔

## ایم کیو ایم کے زیراہتمام سانحہ سہراب گوٹھ 31 اکتوبر 1986ء کے شہداء کی 24 ویں برسی ملک بھر میں عقیدت واحترام سے منائی گئی
## صوبہ سندھ، صوبہ بلوچستان، صوبہ پنجاب، صوبہ خیبر پختونخواہ، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کے دفاتر پر قرآن خوانی کے اجتماعات ہوئے
## برسی کا مرکزی اجتماع ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال میں ہوا
## برسی کے اجتماعات میں رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ذمہ داران، کارکنان اور ہمدرد عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی

کراچی۔۔۔31، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام سانحہ سہراب گوٹھ 31 اکتوبر 1986ء کے شہداء کی 24 ویں برسی ملک بھر میں عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی اور سانحہ کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ برسی کے سلسلے میں صوبہ سندھ، صوبہ بلوچستان، صوبہ پنجاب، صوبہ خیبر پختونخواہ، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کے دفاتر پر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہوئے جن میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست اراکین اسمبلی، کارکنان اور ہمدردوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس سلسلے کا مرکزی اجتماع کراچی میں ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہوا اور شہداء کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کی گئی۔ قرآن وفاتحہ خوانی کے مرکزی اجتماع میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز انیس احمد قائم خانی، رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری، شاہد لطیف، افتخار اکبر رندھاوا، نیک محمد، توصیف خانزادہ، اشفاق منگی،

کنور خالد یونس، حق پرست وزراء، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے اراکین، ایم کیوایم کراچی کی سیکٹرز کمیٹیوں کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں سانحہ سہراب گوٹھ 31اکتوبر 1986ء کے شہداء سمیت تمام حق پرست شہداء کے بلند درجات، لواحقین کیلئے صبر جمیل، اسیر کارکنان کی جلد رہائی، ان کے بلند حوصلے، حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، ایم کیوایم کے خلاف گھناؤنی سازشوں کے خاتمے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## بابر غوری کا کراچی کے مختلف علاقوں کا دورہ، تاجروں اور عوام سے ملاقات کی

کراچی۔۔31اکتوبر2010ء

حق پرست وفاقی وزیر پورٹ اینڈ شپنگ بابر خان غوری نے گزشتہ روز صدر، رنچھوڑ لائن، کھارادر اور بزنس روڈ کے علاقوں کا دورہ کرکے تاجروں اور عوام سے ملاقات کی اور ان سے مسائل دریافت کیے۔ اس موقع پر تاجروں اور عوام نے بابر غوری کو اپنے تحفظات اور دہشت گردوں کی جانب سے مسلسل ملنے والی سنگین دھمکیوں اور بھتہ کی پرچیوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ بابر غوری نے تاجر برادری اور شہریوں کو ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ ایم کیوایم تاجروں کے مسائل کیلئے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کراچی کے تاجروں اور عوام کے ساتھ ہے اور انہیں کسی صورت دہشت گردوں اور بھتہ خوروں کے رحم وکرم پر ہرگز نہیں چھوڑے گی اور اس سلسلے میں ہر سطح پر آواز بلند کرتی رہے گی۔ اس موقع پر تاجروں اور عوام نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام کراچی کے علاقے پاک کالونی میں امدادی تقریب کا انعقاد
## امدادی تقریب میں غرباء، مساکین اور مستحقین میں ہزاروں کی تعداد میں راشن کے پیکٹ تقسیم کئے گئے
## خدمت خلق ایم کیوایم کا نصب العین ہے، عبدالحسیب

کراچی۔۔۔31،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام گزشتہ روز کراچی کے علاقے پاک کالونی میں امدادی سامان کی تقسیم کا پروگرام منعقد ہوا جس سے ہزاروں غرباء، مساکین اور مستحقین مستفید ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز پاک کالونی سیکٹر کے تحت امدادی پروگرام منعقد کیا گیا جن میں غرباء، مساکین اور مستحقین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب نے خطاب کیا اس موقع پر ایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی اور پاک کالونی سیکٹر کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔ امدادی پروگرام میں حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب نے مستحقین میں ہزاروں کی تعداد میں راشن کے پیکٹ تقسیم کئے جس میں آٹا، دالیں، چینی، تیل، گھی ودیگر روزمرہ کی اشیاء شامل ہیں۔ امدادی پروگرام کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے عبدالحسیب نے کہا کہ ایم کیوایم کا فکرو فلسفہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی ہے اور ایم کیوایم دکھی انسانیت کے جذبے سے سرشار ہو کر انسانیت کی بلاامتیاز رنگ ونسل خدمت کررہی ہے۔

## ایم کیوایم کے فلاحی ادارے SUN سوسائٹی فور انویل اینڈ نیڈی کی جانب سے سیلاب زدگان کیلئے لاکھوں روپے
## مالیت کے امدادی سامان کی کھیپ پاکستان پہنچ گئی امدادی سامان میں خشک غذائی اجناس، دوائیاں اور دیگر اشیاء شامل ہیں

کراچی۔۔۔31،اکتوبر2010ء

ایم کیوایم کے فلاحی ادارے Sun سوسائٹی فور انویل اینڈ نیڈی امریکا اور ملیشیاء (Society for Unwell and Needy) کی جانب سے پاکستان کے سیلاب زدگان کیلئے لاکھوں روپے مالیت کے امدادی سامان کی کھیپ پاکستان پہنچ گئی۔ 5 ٹرکوں پر مشتمل امدادی سامان میں خشک غذائی اجناس، دوائیاں اور دیگر اشیاء شامل ہیں جو ہفتہ کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر واقع فیڈرل بی ایریا میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر سید شعیب احمد بخاری نے وصول کی اس موقع پر سن امریکا اور ملیشیاء کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔ واضح رہے کہ فلاحی ادارے سن نے پاکستان میں سیلاب زدگان کیلئے دنیا بھر سے کثیر تعداد میں امدادی اشیاء پاکستان کو بطور امداد فراہم کرچکا ہے۔ جس میں ادویات، خوراک، کپڑے، آلات، خیمے، ودیگر امدادی سامان شامل ہیں۔

## ایم کیوایم نے فرسودہ سیاسی نظام کوتبدیل کرنے کا عہد کر رکھا ہے، ڈاکٹرسلیم دانش
## آزادکشمیرافضل پور میں منعقدہ اجتماع سے اسلم آفریدی اور طاہر کھوکھر کا خطاب

افضل پور۔۔۔31، اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے بین الاقوامی فلاحی ادارے SUN کے ٹرسٹی ڈاکٹرسلیم دانش نے کہا ہے کہ ایم کیوایم نے فرسودہ سیاسی نظام کوتبدیل کرنے اوراقتدار کی عام آدمی تک منتقلی کا عہد کر رکھا ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز آزادکشمیرافضل پور میں منعقدہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجتماع سے ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم آفریدی، آزادکشمیرقانون ساز اسمبلی میں حق پرست وزیرسیاحت طاہرکھوکھر، راجہ امتیاز عزیز، عاصم جنجوعہ، افتخارکھوکھر اور مدثر صادق نے بھی خطاب کیا۔ڈاکٹرسلیم دانش نے کہا کہ جولوگ خودجعلی ڈگریوں کے بل بوتے پراسمبلیوں میں پہنچتے ہیں وہ عوامی حقوق کا تحفظ کیسے کرسکتے ہیں اور سیاسی افراتفری، بے چینی اورمحرومیوں کے خاتمے کیلئے پڑھے لکھے لوگوں کوآگے لانا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ آزادکشمیر میں موروثی سیاست کا خاتمہ کر کے 98 فیصد پڑھے لکھے اور بلاصلاحیت افرادکوایم کیوایم آگے لائے گی تاکہ آزادکشمیر میں ترقی و خوشحالی کا سفرشروع ہوسکے۔ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم آفریدی نے کہا کہ ایم کیوایم حصول اقتدار کے لئے نہیں نظام کی تبدیلی کیلئے جدوجہد کر رہی ہے۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے آزادکشمیرقانون ساز اسمبلی میں حق پرست وزیرسیاحت طاہرکھوکھر نے کہا کہ ایم کیوایم کا پیغام آزادکشمیر میں پھیل چکا ہے اورلوگ جوق در جوق ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں۔اجتماع میں بین الاقوامی فلاحی ادارے سن کے ٹرسٹی منشاء خان، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن اظہاراحمد، آزادکشمیرقانون ساز اسمبلی میں حق پرست رکن سلیم بٹ اور دیگر معززین بھی موجود تھے۔

## پاکستان کے شہریوں کی طرح گلگت بلتستان کے عوام کوبھی انکے حقوق دیئے جائیں، ارکان قومی اسمبلی
## جشن آزادی کے موقع پرگلگت بلتستان کےعوام کومبارکباد، آزادی کے ہیروزکوزبردست خراج عقیدت

کراچی۔۔۔31، اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کےحق پرست ارکان قومی اسمبلی نے گلگت بلتستان کے غیورعوام کوجشن آزادی کی دلی مبارکباد پیش کی ہے اورگلگت بلتستان کی آزادی کے ہیروزکوزبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔گلگت بلتستان کی آزادی کے دن پراپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کو کے غیورعوام نے یکم نومبر 1947ء کوڈوگرہ راج سے آزادی حاصل کی اوراس سلسلے میں ہرقسم کی قربانی دی اوربغیرکسی شرط کے گلگت بلتستان نے پاکستان سے الحاق کیا اس کے باوجود گلگت بلتستان کے عوام کوحقوق نہیں دیئے گئے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری اوروزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ وہ پاکستان کے شہریوں کی طرح گلگت بلتستان کے عوام کوبھی انکے حقوق دیئے جائیں۔انہوں نے گلگت بلتستان کے عوام کوجشن آزادی کی ایک مرتبہ پھر دلی مبارکباد پیش کی اور کہا کہ پاکستان سے گلگت بلتستان کے غیورعوام کی محبت اورخلوص کونظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔

## پیٹرولیم مصنوعات میں اضافے کا فیصلہ عوام کے ساتھ سراسرظلم وزیادتی ہے، اراکین قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔31اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کےحق پرست اراکین قومی اسمبلی نے ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں یکمشت 5 سے 7 روپے اضافے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات میں اضافے کا فیصلہ عوام کے ساتھ سراسرظلم وزیادتی ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے 98 فیصد غریب عوام پہلے مہنگائی کے بھاری بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں اوراشیاء خوردونوش عام آدمی کی دسترس سے باہر ہیں۔انہوں نے کہا کہ آبادی کا ایک بڑا حصہ آج بھی کسمپرسی اور فاقہ کشی کی زندگی گذارنے پرمجبور ہے جبکہ پیٹ کی آگ بجھانے اور بڑھتی ہوئی مہنگائی سے تنگ آکر والدین کی جانب سے بچوں کی فروخت، خودکشی وخودسوزی جیسے اقدامات پاکستان میں عام بات ہے لیکن اس کا حکمرانوں پرکوئی اثرنہیں ہورہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسے حالات میں پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 5 سے 7 روپے تک کا مزید اضافہ غریبوں میں مزید مایوسی بن کر پھیلے گا جس سے نہ صرف غریب عوام بلکہ ملک کی معیشت بھی بری طرح متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ فی الفور واپس لیا جائے اور عوام کوریلیف فراہم کیا جائے۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی ۔۔۔31، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم جامشورو زون یونٹ A-2 کے کارکن محمد رضوان شیخ کے والد عبدالحکیم، ٹنڈو الہ یار زون یونٹ 2B کے یونٹ کمیٹی ممبر محمد سلیم کی والدہ محترمہ اصغری بیگم، لانڈھی سیکٹر یونٹ 87 کے کارکن ندیم انصاری کے بھائی محمد اعظم انصاری، سانگھڑ زون یونٹ 4/C کے کارکن بابو کے والد نواب علی اور ایم کیو ایم ٹنڈو الہ یار زون کے زونل کمیٹی کے رکن واحد بخش بروہی کے داماد اصغر علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کو توفیق عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆